


# بکری، کتا اور گائے


Fabian Wakholi
Marleen Visser
Samrina Sana

Urdu
Level 2

storybookscanada.ca




بکری، کتا اور گائے بہت اچھے دوست تھے۔ ایک دن وہ ٹیکسی
پر سفر کرنے لگے۔



سفر کے اختتام پر ڈرائیور نے اُن سے کرایہ ادا کرنے کے لیے کہا۔ گائے نے اپنا کرایہ دے دیا۔



کتے نے اضافی کرایہ دے دیا، کیونکہ اُس کے پاس کھلے پیسے نہیں تھے۔



جب ڈرائیور کتے کو اُس کا بقایا دینے ہی لگا تو بکری کرایہ ادا کیئے بغیر بھاگ گئی۔




ڈرائیور کو غصہ آیا۔ وہ کتے کو بقایا دیئے بغیر وہاں سے چلا گیا۔



اسی وجہ سے آج بھی کتا گاڑیوں کے پیچھے بھاگتا ہے تاکہ وہ
اُس ڈرائیور کو تلاش کر کے اُس سے اپنے پیسے نکلوا سکے۔



بکری گاڑی کی آواز سن کر دور بھاگتی ہے۔ اُسے ڈر ہے کہ کرایہ نہ دینے کی وجہ سے اُسے گرفتار کر لیا جائے گا۔



اور گائے کبھی گاڑی کے آنے کی پروا نہیں کرتی۔ وہ اپنا وقت
لے کر سڑک پار کرتی ہے۔ کیونکہ وہ جانتی ہے کہ اُس نے اپنا
مکمل کرایہ ادا کیا ہوا ہے۔

# Storybooks Canada

storybookscanada.ca

# بکری، کتا اور گائے


Written by: Fabian Wakholi
Illustrated by: Marleen Visser
Translated by: Samrina Sana


This story originates from the African Storybook (africanstorybook.org) and is brought to you by Storybooks Canada (storybookscanada.ca) in an effort to provide children's stories in Canada's many languages.


This work is licensed under a Creative Commons Attribution 3.0 International License.